| | |
|---|---|
| **1. مطلوبہ فرد کے بارے میں معلومات** | |
| پہلا نام: ✎ | خاندانی نام: ✎ |
| عمر: ☐6-17 ☐ 39-18 ☐ 54-40 ☐ 64-55 ☐ 65+<br>اگر بچے کی عمر 5 سال سے کم ہو تو☜ اُسے کان اور سماعت کے ماہر کے پاس بھجوائیں (ریفر) | جنس: مرد ☐ عورت ☐ دیگر ☐ |
| پتہ: ✎ | فون نمبر: ✎ |

**2. سوالات برائے معلومات**

| پوچھیے | ہاں | نہیں | |
|---|---|---|---|
| کیا آپ سماعت کے لیے کوئی معاون آلہ استعمال کر رہے ہیں جو سماعت کے لیے کام کرنے والے کسی ادارے کی وساطت (مدد) سے ملا ہو؟ | ☐ | ☐ | اگر ہاں ← کان کی صحت کا معائنہ جاری رکھیں اور☜ موجودہ سہولت فراہم کرنے والے ادارے کے پاس بھجوا (ریفر) دیں۔<br>اگر نہیں ← معائنہ جاری رکھیں |
| کیا آپ کو بول کر گفتگو میں دشواری پیش آتی ہے؟ | ☐ | ☐ | اگر ہاں تو ☜ کسی ماہرِ کان اور سماعت کے پاس بھیج دیں<br>اگر نہیں ← معائنہ جاری رکھیں |
| گذشتہ تین ماہ میں، کیا آپ کی سماعت میں اچانک تبدیلی آئی ہے؟ | ☐ | ☐ | |
| کیا آپ کے کان / کانوں سے رطوبت (سیال) کا اکثر اخراج ہوتا ہے؟ | ☐ | ☐ | |

**3. کان کی صحت کا معائنہ**

| **دونوں کانوں کا باہر سے بغور جائزہ لیں** | | | |
|---|---|---|---|
| کیا دونوں کان صحت مند نظر آ رہے ہیں؟<br>(چوٹ یا انفیکشن کی کوئی علامت موجود نہیں، پِنّا اور کان کی نالی موجود ہیں) | ہاں ☐ ← جاری رکھیں<br>نہیں ☐ ☜ کان اور سماعت کے ماہر کے پاس بھجوائیں (ریفر) اور علاج کے بعد دوبارہ معائنے کے لیے اندراج کریں | | |
| **اوٹوسکوپ کی مدد سے ہر کان کا اندر سے بغور معائنہ کریں** | **بایاں** | **دایاں** | |
| کان سے رطوبت کا اخراج یا انفیکشن کی کوئی علامت | ☐ | ☐ | اگر علامات ہوں ← اوٹوسکوپی سے پہلے، کان کو خشک مواد |

| | | | |
|---|---|---|---|
| ( خون، پیپ، سیال مادہ، سرخی اور دبانے سے درد) | | | (Dry Mop) سے صاف کریں۔ اگر مطلوبہ شخص کو نمایاں درد ہو تو خشک صفائی (Dry Mop) نہ کریں۔<br><br>اگر خشک مواد (Dry Mop) سے صاف کرنے کے بعد کان صحت مند ہے ← تو معائنہ جاری رکھیں۔<br><br>اگر خشک مواد (Dry Mop) سے صاف کرنے کے بعد کان صحت مند نہیں ہے تو ☜ کسی ماہر کان اور سماعت کے پاس بھیج (ریفر) دیں اور دوبارہ کان کی صحت کو جانچنے کے لیے اندراج کریں |
| موم (Ear Wax) کی وجہ سے کان بند ہے<br><br>کان میں غیر مطلوبہ چیز (Foreign Body) موجود ہے۔ | ☐<br><br>☐ | ☐<br><br>☐ | اگر کان میں کچھ موجود ہو تو کان دھونے پر غور کریں<br>کان دھونے سے پہلے ← جائزہ لیں اگر اُن کی:<br><br>حال ہی میں کان کی سرجری ہوئی ہے ☐<br><br>کان کے پردے میں پہلے سے سوراخ ہے ☐<br><br>کان میں انفیکشن ہے ☐<br><br>کان میں درد ہے ☐<br><br>اگر درج بالا میں سے کوئی مسئلہ ہو ← کان مت دھوئیں<br><br>اگر درج بالا میں سے کوئی مسئلہ نہ ہو ← کان دھوئیں<br><br>اگر کان کی صفائی کامیاب ہو ← معائنہ جاری رکھیں<br><br>اگر کان کی صفائی کامیاب نہ ہو تو ☜ کان اور سماعت کے ماہر کے پاس بھجوا (ریفر) دیں |
| کان کے پردے میں سوراخ | ☐ | ☐ | اگر سوراخ ہوں ☜ کان اور سماعت کے ماہر کے پاس بھجوائیں (ریفر) |

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحت مند / کانوں میں کوئی مسئلہ نہیں | ☐ | ☐ | اگر دونوں کان صحت مند ہیں ← سماعت کی جانچ کی منصوبہ بندی کریں |

| | |
|---|---|
| ☜ رجوع (ریفرل) کرنے کے لیے تجویز کیا گیا ہے ✎<br>یہاں معلومات درج کریں | |

| | | |
|---|---|---|
| **4. دیگر معاون مصنوعات** | | |
| کیا آپ کو دشواری ہے؟ | متحرک ہونے میں ☐ بصارت میں ☐<br>گفتگو ☐ ذاتی دیکھ بھال ☐<br>فہم و ادراک (سوچنے / یاد رکھنے) ☐ | اگر کوئی دشواری ہو ← دیگر معاون مصنوعات اور / یا دیگر متعلقہ خدمات والے اداروں کی طرف رجوع (ریفرل) مفید ثابت ہو سکتا ہے۔ |

| | | |
|---|---|---|
| **5. لائحہ عمل** | | |
| **معائنہ:** | بصارت ☐ حرکت ☐ ذاتی دیکھ بھال ☐ گفتگو ☐<br>فہم و ادراک (سوچنے / یاد رکھنے) ☐ | |
| **جانچ:** | سماعت کی جانچ ☐ | |
| **رجوع کریں (ریفر):** | کان اور سماعت کے ماہر کے پاس ☐<br>سماعت کے لیے سہولیات فراہم کرنے والے ادارے کے پاس ☐<br>دیگر: ✎ | |
| **بعد ازاں معائنہ:** | کان کی صحت کے معائنے کو دوہرائیں ☐ | بعد ازاں معائنے کی تاریخ: ✎ |

**کان کی صحت کی جانچ کرنے کا طریقہ**

| **مرحلہ** | **اگر مسئلہ ہو تو کاروائی** | **اگر مسئلہ نہ ہو تو کاروائی** |
|---|---|---|
| 1. مطلوبہ شخص کے کانوں کا معائنہ کریں (سامنے اور پیچھے سے) | • اگر علامات ہوں:<br>○ زخم، انفیکشن یا<br>○ کان / کان کی نالی موجود نہ ہو یا ساخت / شکل میں بہت مختلف ہو، کان اور سماعت کے ماہر کی طرف ☜ بھجوا (ریفر) دیں۔<br>• اگر مطلوبہ شخص کو زخم یا انفیکشن ہو ← تو انہیں بعد از علاج کان کی صحت کے معائنے کے لیے بلائیں۔ | اگر بیرونی کان صحت مند ہے ← جاری رکھیں۔ مطلوبہ شخص کے کان کے اندر دیکھیں۔ |

| | | |
|---|---|---|
| | • اگر کان سے رطوبت (مواد) خارج ہو رہی ہو ← کان کو خشک طریقے (Dry Mop) سے صاف کریں۔ | |
| 2. مطلوبہ شخص کے دونوں کانوں کا اندرونی جائزہ اوٹوسکوپ کی مدد سے لیں۔ | • اگر انفیکشن کی علامات ہوں ☜ کان اور سماعت کے ماہر کے پاس بھجوائیں (ریفر)۔ مطلوبہ شخص سے کہیں کہ بعد ازاں علاج، کان کی صحت کے معائنے کے لیے واپس آئے۔<br>• اگر کان میں سوراخ ہو ☜ کان اور سماعت کے ماہر کے پاس بھجوائیں (ریفر)۔<br>• اگر کان کی نالی، موم یا غیر مطلوبہ چیز کی وجہ سے بند ہو ← کان کو دھوئیں، ہمیشہ کان دھونے سے قبل اس بات کو یقینی بنائیں کہ یہ کاروائی محفوظ ہے۔ | اگر اندرونی کان صحت مند ہے تو ← سماعت کی جانچ کریں۔ |
| 3. اگر ضرورت ہو تو کان کو دھوئیں۔ | • اگر کان دھونے میں کامیابی نہ ہو ☜ تو انہیں کان اور سماعت کے ماہر کے پاس بھجوائیں (ریفر) اور انہیں تاکید کریں کہ بعد ازاں علاج، کان کی صحت کے معائنے کے لیے دوبارہ تشریف لائیں۔ | اگر کان کی صفائی کامیاب ہو اور کان صحت مند ہو تو ← سماعت کی جانچ کریں۔ |

☜ ریفرل تجویز کیا گیا ہے ✎ یہاں معلومات درج کریں۔